خیبر پختونخواہ فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی

ہدایات برائے دودھ کی دوکان/ملک شاپ (Milk Shop)

1۔ دودھ کی دوکان/ملک شاپ کا خیبر پختونخواہ فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی سے لائسنس شدہ ہونا ضروری ہے۔
2۔ لائسنس کو دوکان میں نمایاں جگہ پر لگانا لازمی ہے۔
3۔ دودھ کو 4 ڈگری سینٹی گریڈ سے کم درجہ حرارت پر رکھیں۔
4۔ دودھ کے لیئے استعمال ہونے والے برتن فوڈ گریڈ میٹریل اور سٹین لیس سٹیل (Stain less Steal) سے بنے ہوں۔
5۔ پہلے آنے والا دودھ پہلے فروخت کریں۔
6۔ دودھ کے سپلائر (Supplier) کا تمام ریکارڈ روزانہ کی بنیاد پر رجسٹر پر درج ہو اور رجسٹر موقع پر موجود ہو (سپلائر کا نام، فون نمبر، پتہ، شناختی کارڈ نمبر اور گاڑی نمبر)۔
7۔ نیلے ڈرمز کا استعمال کرنا سختی سے منع ہے۔

ہدایات برائے ملازمین:۔

1۔ دودھ کی دوکان/ملک شاپ کے تمام ملازمین کے میڈیکل کلیرنس سرٹیفکیٹس موجود ہوں۔
2۔ دودھ کی دوکان/ملک شاپ کے تمام ملازمین دستانے، ماسک اور ہیڈ کور استعمال کریں۔
3۔ دودھ کی دوکان/ملک شاپ میں کام کرنے والے تمام ملازمین کے کپڑے صاف ستھرے ہوں، ناخن کٹے ہوئے صاف ہوں اور ہر طرح کی جیولری، بینڈز استعمال نہ کریں۔
5۔ دودھ کی دوکان/ملک شاپ میں ملازمین کام شروع کرنے سے پہلے ہاتھ اور بازو صاف پانی سے دھونا لازمی ہے۔
6۔ دودھ کی دوکان/ملک شاپ کے تمام ملازمین صاف ستھرے ہوں اور حفظان صحت کے اصولوں سے واقف ہوں۔

ہدایات برائے صفائی:۔

1۔ دودھ کی دوکان/ملک شاپ کا فرش صاف، ہموار اور ہر قسم کی آلودگی سے پاک ہو۔
2۔ پاؤں سے کھلنے اور بند ہونے والی ڈسٹ بینز (Dustbins) استعمال کریں۔
3۔ دوکان میں روشنی، ہوا اور نکاسی آب کی مکمل سہولت میسر ہو۔
4۔ دوکان میں کاریگروں کے لیئے ہاتھ دھونے کی سہولت کا ہونا لازمی ہے۔
5۔ دوکان میں فالتو اشیاء نہ رکھیں۔
6۔ برتن دھونے کی جگہ مخصوص ہو۔
7۔ دودھ کی دوکان/ملک شاپ میں کسی قسم کے حشرات نہ ہوں اور مکھیوں کو داخل ہونے سے روکنے کے لیئے مناسب انتظام ہو۔ (جالی، انسیکٹ کلرز اور روڈینٹ ٹریپ وغیرہ)۔
8۔ دودھ کو سٹور کرنے اور بوائل کرنے کا ایریا الگ الگ ہو۔
9۔ دودھ کے لیئے استعمال ہونیوالے برتنوں کی صفائی کے لیئے کچن ڈیٹرجنٹ کا استعمال کریں، سرف کا استعمال سختی سے منع ہے۔
10۔ برتن دھونے کی جگہ ملازمین کے ہاتھ دھونے کی جگہ سے الگ ہو۔
11۔ ڈرینز (Drains) ڈھکے ہوئے ہوں۔
۱۲۔ کھلے دودھ کو جالی یا ڈھکن سے ڈھانپ کر رکھیں۔

ہدایات برائے ٹرانسپورٹیشن:۔

جن گاڑیوں میں دودھ منتقل کیا جاتا ہے وہ صاف ستھری اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق ہوں اور ان کا درجہ حرارت 4 ڈگری سے کم ہو۔